| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 23-06-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔ وفاق حکومت بلوچستان کو کوٹے کے مطابق بجلی فراہم کرے، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔ غم کی گھڑی میں اپنے افغان بھائیوں کے ساتھ ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔ وزیراعلیٰ بلوچستان بشریٰ رند کا سردار صالح بھوتانی سے اظہار تعزیت، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارارت |
| 4۔ آصف زرداری کی والدہ کے انتقال پر وزیراعلیٰ ودیگر کا اظہار تعزیت، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔ پاک قازقستان تعلقات کو مزید مستحکم بنایا جائیگا، قائم مقام گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔ ریونیو ہداف بہتر بنانے پر توجہ ہیلتھ کارڈ کا اجرا جلد ہوگا، وزیر خزانہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔ سنیئر دوستوں اور کارکنوں کی مشاورت سے فیصلے کرینگے، سردار صالح بھوتانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔ طلباء وطالبات کو صلاحیتوں کے اظہار کیلئے موقع فراہم کرینگے، نصیب اللہ مری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 9۔ نولانگ ڈیم حصل مگسی کی تعمیر میں تمام رکاوٹیں دو کرینگے، خورشید شاہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔ بجٹ میں غریب پر بوجھ کم کرنے کیلئے اقدامات کیے مولانا عبدالوسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔ افغانستان میں زلزلے سے جانی نقصان پر دکھ ہوا، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔ الیکشن کمیشن نے عوام کو دو حلقوں میں تقسیم کر کے مشکلات پیدا کردیں، زمرک اچکزئی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13۔ صوبے کے ہر حلقے کو برابری کی بنیاد پر فنڈز دیئے گئے ہیں، حاجی محمد خان لہڑی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14۔ صوبائی بجٹ میں نصیرآباد کی ترقی کیلئے خطیر رقم مختص کی گئی ہے، سکندر خان عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔ غیر یقینی صورتحال، پاکستان شدید معاشی اور سیاسی بحران میں پھنس چکا، مالک بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔ ہمیں قوم وطن دوستی کی سیاست اور سرزمین کا دفاع ہر چیز پر مقدم ہے، بی این پی | مشرق ودیگر اخبارات |

## امن و امان

دالبندین لیویز کی کاروائی مسروقہ گاڑی برآمد، لورالائی لیویز نے چھینے گئے 2 ٹریکٹر برآمد کرلئے، چاغی 9 روز سے لاپتہ شخص کی لاش کنویں سے برآمد، باپ بیٹے کا قتل جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید و موت کی سزا، چاغی چرواہے نے چرواہے کو قتل کر دیا، چاغی، اغواء کار بھائی کی رہائی کیلئے 2 کروڑ تاوان مانگ رہے۔

## عوامی مسائل

کراچی کوئٹہ مسافر کوچز حب کے شہریوں کیلئے دردبن گئیں، پی ایس ڈی پی کی تیاری میں غیر متعلقہ افراد کی اسکیمات ڈالنے کی کوشش کا انکشاف، زمیندار ایکشن کمیٹی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف ریلی، وزیراعلیٰ ہاؤس کے قریب دھرنا۔ 2 ماہ کی تنخواہیں و پنشن نہ ملنے پر واسا ملازمین سراپا احتجاج ریلی ایدھی چوک پر دھرنا۔

مورخہ 23-06-2022

## اداریہ

روزنامہ جنگ نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کاروایتی بجٹ** "ملک کے سب سے بڑے اور قدرتی وسائل سے مالا مال صوبے بلوچستان کا آئندہ سال کے نئے روایتی بجٹ پیش کر دیا گیا ہے۔ جس میں خاطر خواہ مالی وسائل کی عدم دستیابی اور وفاقی حکومت کی جانب سے اپنے حصے کے پورے فنڈز نہ ملے کی وجہ سے انفراسٹرکچر کی بہتری سمیت کوئی قابل ذکر ترقیاتی منصوبہ شروع کرنے کی نوید نہیں ہے۔ صوبائی وزیر خزانہ سرادر عبدالرحمٰن کھیتران نے 612ارب 70 کروڑ روپے کا خسارے کا بجٹ پیش کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کے کئے 191.5ارب مختص کرنے کا اعلان کیا۔ اگرچہ یہ ایک طویل عمل ہے مگر اس کے بغیر نہ صوبے کی پسماندگی، غربت اور عوام میں پائی جانے والی بے چینی دور ہوگی نہ پاکستان مستحکم اور خوشحال ہوگا۔

روزنامہ آزادی نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کی اخباری صنعت، وفاق کے توجہ کے منتظر**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**صوبائی بجٹ بلوچستان کی ترقی کی بنیاد** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Balanced & Growth Oriented FY Budget" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضمون

روزنامہ جنگ نیوز کوئٹہ نے " **بلوچستان بجٹ "2022-23** کے عنوان سے مضمون تحریر کیا ہے۔
روزنامہ مشرق نیوز کوئٹہ نے "**حکومت اور اپوزیشن ارکان میں تفریق کئے بغیر ہر ضلع اور حلقہ کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے فنڈز مختص کئے گئے** " کے تحریر محمد افضل مغل۔
روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**وزیراعلیٰ بلوچستان اور سردار یار محمد رند کے اختلا فات ختم** " کے تحریر خلیل احمد۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ________

Dated: ________ Page No. 1

روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعرات 23/جون 2022ء

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-J-1 2841993-2842016-2841078

بانی میر خلیل الرحمٰن

اپنے لوگوں کیساتھ ہڑتال پر بیٹھ جائینگے

# وفاقی حکومت بلوچستان کو کوٹے کے مطابق بجلی فراہم کرے، وزیراعلیٰ بزنجو

اربوں روپے سبسڈی دے رہے ہیں، وزیراعظم اور وفاقی وزیر توانائی سے جلد ملاقات کرونگا، وفد سے گفتگو، زمینداروں کا احتجاج ختم کرنے کا اعلان

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد نے ملاقات کی ،صوبائی وزراء میر محمد خان لہڑی عبدالرشید بلوچ اراکین اسمبلی ملک نصیر شاہوانی اصغر خان ترین عزیزالرحمٰن آغا سیکرٹری توانائی اور چیف انجینئر آپریشن کیسکو بھی ملاقات میں شریک تھے، وفد کی جانب سے وزیراعلیٰ کو بجلی کے مسائل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا گیا کہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے زمینداری تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے اور زمینداروں کو بھاری مالی نقصان پہنچ رہا ہے، وفد نے بتایا کہ ضلع پشین اور قلعہ عبداللہ میں بجلی کا شدید بحران ہے اس سیزن میں فصلوں اور باغات کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے تاہم بجلی کی عدم دستیابی کے باعث زراعت کے لئے پانی دستیاب نہیں ہے اور زراعت کے شعبہ سے وابستہ لاکھوں افراد کے بے روزگار ہونے کا خطرہ ہے، وفد نے بتایا کہ اپنے حصے کے واجبات کی ادائیگی اور طے شدہ معاہدے کے باوجود زمینداروں کو بجلی نہیں دی جارہی جبکہ وولٹیج نہ ہونے سے ٹیوب ویلوں کی مشینری جل جاتی ہے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے زمینداروں کو بجلی نہ ملنا بہت بڑی زیادتی ہے، صوبائی حکومت اپنے وسائل سے کیسکو کو گرڈ اسٹیشن کی تعمیر اور بجلی کے دیگر منصوبوں کے لئے فنڈنگ کرتی ہے اور صوبائی حکومت سبسڈی کی مد میں بھی اربوں روپے دے رہی ہے، انہوں نے کہا کہ زرعی ٹیوب ویلوں کی آڑ میں بجلی کی چوری اور لائن لاسز بھی سبسڈی کی مد میں ڈالے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کیسکو کے پیدا کردہ مسائل سے صوبے کا ماحول خراب ہوتا ہے اور زمیندار ہڑتالوں اور دھرنے پر مجبور ہوجاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم بھی اپنے لوگوں کے ساتھ ہڑتال اور دھرنے پر بیٹھ جائیں گے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ بلوچستان کو اسکے کوٹے کے مطابق بجلی دی جائے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ وزیراعظم اور وفاقی وزیر توانائی سے صوبے کی بجلی کے کوٹے پر عملدرآمد کے لئے جلد ملاقات کرونگا، ملاقات میں وزیراعلیٰ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دینے پر اتفاق کیا گیا کمیٹی بجلی کے حوالے سے وفاقی حکومت سے بات چیت کرے گی، انہوں نے کہا کہ بجلی کے مسئلے کے فوری حل کی ضرورت ہے چیف انجینئر کیسکو کی جانب سے پشین اور قلعہ عبداللہ کے لئے 6 گھنٹے بجلی کی فراہمی کی یقین دہانی کرانے پر زمیندار ایکشن کمیٹی نے احتجاج موخر کرنے کا اعلان کردیا۔

## غم کی گھڑی میں اپنے افغان بھائیوں کے ساتھ ہیں، وزیراعلیٰ بزنجو

زلزلے سے ہونے والے قیمتی جانی نقصان کا ازالہ ممکن نہیں، متاثرین سے اظہار ہمدردی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے افغانستان کے مختلف صوبوں میں آنے والے زلزلے سے ہونے والے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور املاک کو پہنچنے والے نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ ایک بیان میں کہا کہ قدرتی آفت سے جو قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا ہے اس کا ازالہ ممکن نہیں پورا افغانستان اس وقت غم زدہ ہے اور ہم بھی غم کی اس گھڑی میں اپنے افغان بھائیوں کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے بلند درجات، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## وزیراعلیٰ بزنجو، بشریٰ رندکا سردار صالح بھوتانی سے اظہار تعزیت

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند نے سینئر صوبائی سردار محمد صالح بھوتانی اور رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کی ہمشیرہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## آصف زرداری کی والدہ کے انتقال پر وزیراعلیٰ و دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ(خ ن)وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سابق صدر آصف علی زرداری کی والدہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک تعزیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے سوگوار خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ صدمہ صبر و ہمت سے برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند نے سابق صدر آصف علی زرداری کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 23 JUN 2022 Page No. 6


بلوچستان کے رواں مالی سال کا بجٹ عوام دوست ہے

## صوبے کے ہر حلقے کو برابری کی بنیاد پر فنڈز دیئے گئے ہیں، صوبائی وزیر ایری گیشن

وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے عوام کو زندگی کی تمام تر بنیادی سہولیات سمیت ریلیف دینے کی ہر ممکن کوشش کی ہے جسکا سب اقرار کررہے ہیں، محمد خان لہڑی

بلوچستان حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کے مسائل دہلیز پر حل کر کے ماضی کی غلطیوں کو نہ دہرایا جائے، سبز باغ دکھانے کا دور گزر چکا ہے، عبدالغفور لہڑی کی مشرق سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے رواں مالی سال کا بجٹ عوام اور ملازم دوست ہے، سرکاری ملازمین کی تنخواہیں اور پینشنرز کیلئے 15 فیصد اضافہ تاریخی اقدام ہے بجٹ میں صوبے کے ہر حلقے کو برابری کی بنیاد پر فنڈز دیے گئے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے عوام کو زندگی کی تمام تر بنیادی سہولیات سمیت ریلیف فراہم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے محدود وسائل کی وجہ سے آئندہ مالی سال کا بجٹ خسارے کا ہے تاہم موجودہ حکومت کی ریکوڈک معاہدے کے بعد آئندہ سالوں میں بہتر بجٹ پیش کرنے کی پوزیشن میں ہوگی، انہوں نے کہا کہ بہترین بجٹ پیش کرنے کا سہرا وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کے سر جاتا ہے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت کی کوشش ہے کہ عوام کے مسائل دہلیز پر حل کر کے ماضی کی غلطیوں کو نہ دہرایا جائے، انہوں نے کہا کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان کی 74 سالہ محرومیوں کا خاتمہ کریں گے لیکن یہ ہماری کوشش ہوگی کہ عوام کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے اور پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں لوگوں کی خدمت کریں، انہوں نے کہا کہ سائنسی دور میں خالی خولی باتوں اور سبز باغ دکھانے سے کام نہیں چلے گا بلکہ عوام عملی کام چاہتے ہیں، دریں اثنا صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی سے اوستہ محمد کے نو منتخب جنرل کونسلر ملک حاجی محمد انور بنگلزئی نے ملاقات کی اور موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور جعفر آباد اور نصیر آباد میں زرعی پانی کی قلت کے حوالے سے سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی کوششوں اور کاوشوں کے بارے انہیں تفصیل سے آگاہ کیا

## صوبائی بجٹ میں نصیر آباد کی ترقی کیلئے خطیر رقم مختص کی گئی ہے، سکندر خان عمرانی

سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے ہر وارڈ اور گلیوں میں 32 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹف ٹائل لگائے جائیں گے

عوام کے دیرینہ مطالبہ کو پورا کرتے ہوئے پٹ فیڈر پل سے لے کر مرسلین تک سٹریٹ لائٹس لگائی جائینگی، مشرق سے گفتگو

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ریونیو میر سکندر خان عمرانی نے کہا ہے کہ صوبائی بجٹ میں نصیر آباد میں ترقیاتی منصوبوں کے لیے ایک ارب پچپن کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں میڈیکل کالج کے لیے چالیس کروڑ روپے، سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے ہر وارڈ اور گلیوں میں 32 کروڑ روپے کی لاگت سے ٹف ٹائل لگائے جائیں گے جبکہ ڈیرہ مراد جمالی تو میر حسن بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر کے لیے بھی خطیر رقم مختص کی گئی ہے۔ مریضوں کے مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے سول اسپتال میں قائم ڈیلائسز کو مکمل سولر سسٹم کیا جائے گا تاکہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث مریض کو انتظار نہ کرنا پڑے ڈیرہ مراد جمالی کی ہندو برادری کے مندر کی تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز رکھے گئے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ عوام کے دیرینہ مطالبہ کو پورا کرتے ہوئے پٹ فیڈر پل سے لے کر مرسلین ہاؤس تک خطیر رقم سے سٹریٹ لائٹس لگائی جائیں گی جس کے لیے بجٹ میں رقم رکھی گئی ہے اس کے علاوہ بجلی، آب نوشی سمیت دیگر عوامی اسکیمات کے لیے کروڑوں روپے رکھے گئے ہیں، عوام کے خادم ہیں

## ہمیں قوم وطن دوستی کی سیاست اور سرزمین کا دفاع ہر چیز پر مقدم ہے، بی این پی

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں عوام انکی سیاست اور بیانیہ کو بخوبی جانتے ہیں جو خالصتاً اپنے ذاتی گروہی مفادات کی تکمیل چاہتے ہیں، اختر حسین لانگو

ہم سیاست کو عبادت کا درجہ دیتے ہوئے لوگوں کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، عوام کو کسی بھی صورت مایوس نہیں کرینگے، موسیٰ بلوچ و دیگر کا جلسے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام کلی رند آباد ارباب کرم خان روڈ کوئٹہ میں گرینڈ شمولیتی جلسہ منعقد ہوا جس میں نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے سیاسی و قبائلی رہنما ملک غلام محمد شہی نے درجنوں ساتھیوں دوست و اقارب کے ہمراہ بی این پی کے قائد سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں باقاعدہ بی این پی میں شمولیت کا اعلان کیا جلسے سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری........ بقیہ نمبر19 صفحہ 10 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین اختر حسین لانگو، مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی انسانی حقوق کے سیکرٹری ایم پی اے احمد نواز بلوچ، ضلعی صدر و ممبر سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی غلام نبی مری، سینٹرل کمیٹی کے اراکین آغا خالد شاہ دلسوز، ملک انجینئر محمد ساسولی، ضلعی جنرل سیکرٹری میر جمال لانگو، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، میر حاصل خان سنگوری، نیاز محمد جتک، ملک غلام محمد شہی، بکری نذیر احمد سنگوری نے خطاب کرتے ہوئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد پیش کی کہ آنے والے دور کوئٹہ میں بی این پی میں شمولیت اختیار کر کے یہاں کے باشعور عوام یہ ثابت کر رہے ہیں کہ وہ دیگر پارٹیوں کی پالیسیوں سے مایوس اور نالاں ہے۔

---

## پنجگور 6 ماہ کے دوران 65 بے گناہ افراد قتل ہوئے، رحمت بلوچ

### انتظامیہ مکمل طور پر بے بس اور کمیشن و کرپشن میں مصروف ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و سابق صوبائی وزیر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ پنجگور میں 6 ماہ کے دوران 65 بے گناہ افراد کو قتل کیا گیا ہے، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ صورتحال کا نوٹس لیں، یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر پارٹی رہنما محراب بلوچ، علی لانگو، حاجی عطا محمد جنگوئی، بکری میران بخش بلوچ، کامریڈ رفیق کھوسہ، نیاز بلوچ، ایڈووکیٹ شہباز بلوچ، پھلین بلوچ، رحیم (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

لہڑی سمیت دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ اب تک پنجگور میں صرف چھ ماہ میں 65 سے زائد افراد جن میں اصغر علی، نوجوان قنبار رواد جان، قدیر احمد ان کے بھائی سفیر ان کے والد حاجی محمد موسیٰ، محمد عادل عزیز، صغیر بادینی، محمد نواز، جلیل سنجرانی، کلیم اللہ سمیت دیگر کو قتل کیا گیا ہے لیکن انتظامیہ خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہے ابھی ایک قتل پر لوگوں کے آنسو خشک نہیں ہوتے دوسرا قتل ہو جاتا ہے لیکن نہ تو قاتل اور مرنے والوں کو معلوم نہیں کہ کیوں مار اور کیوں مر رہے ہیں جو لوگ اب تک شہید کیے گئے ان کا کوئی گناہ نہیں تھا دو دن پہلے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران ایک نوجوان کو قتل کیا گیا داد جان بلوچ کے لواحقین سول سوسائٹی نے دس دن تک ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے دھرنا دیا مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی پورا مکران سراپا احتجاج ہے دوسری جانب گھروں میں گھس کر چادر اور چاردیواری کی پامالی کا سلسلہ جاری ہے گھروں میں گھس کر گھروں کا صفایا کیا جارہا ہے اور جاتے ہوئے لوگوں کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ ایک بچی کو اس کے والد اور بھائیوں 20 ہزار روپے کی چوری کے شبہ میں شہید کیا مگر پھر بھی انتظامیہ کو ہوش نہیں آیا، پنجگور میں انتظامیہ مکمل طور پر بے بس ہے بلکہ خود کرپشن میں مصروف ہے، انتظامیہ کے معمولی اہلکاروں سے لیکر اعلیٰ افسران کمیشن اور کرپشن میں مصروف ہے اس تمام صورتحال میں پنجگور میں تمام سیاسی جماعتوں سمیت عوام سراپا احتجاج ہیں روز احتجاج کیا جاتا ہے بدھ کو پنجگور میں شٹر ڈاؤن ہوا اور آج پنجگور میں ریلی نکالی اور پولیس اسٹیشن کے سامنے احتجاج کیا جائے گا، پھر بھی حالات نہیں سنبھالا تو نیشنل پارٹی دیگر جماعتوں سے ملکر سخت احتجاج کرے گی انہوں نے مطالبہ کیا کہ پنجگور انتظامیہ کو ٹرانسفر کیا اور شہید ہونیوالے خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے انہوں نے کہا کہ پورے پنجگور میں ایک خوف کا ماحول ہے 2014ء کے بعد پنجگور میں جرائم کی شرح صفر فیصد تھی مگر آج حالات 2013ء سے بھی خراب ہیں اگر پنجگور کے امن و امان پر توجہ نہیں دی گئی تو ہم راست اقدام اٹھائیں گے انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی تنظیمیں اور میڈیا اس سلسلے میں کردار ادا کریں کیونکہ یہ ایک انسانی معاملہ ہے آئے روز بے گناہ لوگ شہید ہو رہے ہیں ساتھ میں عوام کی املاک کو بھی نقصان پہنچا رہے انہوں نے چیف جسٹس بلوچستان سے اپیل کی کہ وہ صورتحال کا نوٹس لیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 JUN 2022 Page No. 8


## لورالائی لیویز نے چھینے گئے 2 ٹریکٹر برآمد کر لیے

لورالائی (نامہ نگار) نیو باور کا رہائشی میر جان ولد رازو قوم تروتی ساکن نیو باور لورالائی اپنے دو ٹریکٹر لے کر جا رہا تھا سرڈاکی کے مقام پر پہنچا تو دو موٹر سائیکل سوار...... بقیہ نمبر 41 صفحہ 10 پر

بقیہ نمبر 41 صفحہ 10 پر

وہاں پر میر جان سے دونوں ٹریکٹر گن پوائنٹ پر چھین کر نامعلوم مقام کی طرف لے گئے ان کے دو مزید ساتھیوں نے میر جان کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر کچھ دیر اپنی تحویل میں رکھنے کے بعد ویرانے میں پھینک دیا لورالائی لیویز کو اطلاع ملنے کے بعد لورالائی لیویز نے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی اور اسسٹنٹ کمشنر جمیل بلوچ کی ہدایت پر لیویز انٹیلی جنس کی اطلاع پر چھاپہ مار کر لیویز تھانہ انچارج کیپٹن سردار عبدالحلیم کاکڑ نے ہمراہ لیویز ایک ٹریکٹر پہاڑی علاقے کے ویرانے سے برآمد کر لیا جبکہ دوسرے ٹریکٹر اور ملزمان کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں

## دالبندین لیویز کی کارروائی مسروقہ گاڑی برآمد

دالبندین (اے این این) ڈپٹی کمشنر چاغی انعام الحق اسسٹنٹ کمشنر دالبندین عبدالباسط کی فوری احکامات کی روشنی میں پوتی انچارج ماما ظفر نے اپنے لیویز نوجوانوں کے ساتھ مختلف مقامات پر ناکہ بندی کی...... بقیہ نمبر 44 صفحہ 10 پر

بقیہ نمبر 44 صفحہ 10 پر

جس پر گاڑی کو پوتی کے کسی علاقے میں چوروں نے گاڑی کو چھوڑ کر فرار ہو گئے بعد ازاں لیویز نے گاڑی کو اپنے تحویل میں لیکر تفتیش شروع کر دی واضح رہے گزشتہ دنوں بھی چاغی لیویز نے کامیاب کارروائی عمل میں لائی تھی چوری شدہ گاڑی بھی برآمد کر لیا تھا کسی کو امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دینگے ہمیشہ چاغی لیویز فورس نے ڈاکوؤں کے خلاف کئی کامیاب آپریشن کی ہے چوروں کے خلاف زمین کو تنگ کرکے انکو قانون کے کٹہرے لائینگے

Century Express Quetta

## چاغی' 9 روز سے لاپتہ شخص کی لاش کنویں سے برآمد

چاغی (نمائندہ ایکسپریس) محمد حسن نامی شخص کی لاش کنویں سے برآمد ذرائع کے مطابق گزشتہ 9 روز سے لاپتہ محمد حسن کی لاش سردار محمد شریف نے ڈھونڈ لی۔ محمد حسن کو قتل کر کے لاش کنویں میں پھینک دی گئی تھی۔ لاش کو کنویں سے نکالنے کے بعد مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## اغواء کار بھائی کی رہائی کیلئے 2 کروڑ تاوان مانگ رہے' تاج محمد

### بھائی حاجی اختر محمد کو 23 اپریل کی شب سمنگلی روڈ سے اغواء کیا گیا' تاج محمد

### پولیس کو آگاہ کر دیا' مغوی کو بازیاب، اغواء کاروں کو گرفتار کیا جائے' پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے رہائشی تاج محمد نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت ان کے مغوی بھائی کی بازیابی، ملزمان کی گرفتاری یقینی بنائے، یہ بات انہوں نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ ان کے بھائی حاجی اختر محمد کو 23 اپریل کی رات سمنگلی روڈ سے اغوا کیا گیا ایف آئی آر میں ملزمان کو نامزد کرنے کے باوجود پولیس ملزمان کو گرفتار اور مغوی کو بازیاب کرانے میں ناکام رہی ہے، ملزمان مغوی کی بازیابی کیلئے رقم کی ادائیگی کا مطالبہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ میرے بھائی اختر محمد کو اغواء ہوئے دو ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے جس کی ایف آئی آر صدر تھانہ میں درج کرائی گئی جس میں ملزمان کو نامزد کیا گیا ہے لیکن پولیس ایف آئی آر میں نامزد اصل ملزمان کو گرفتار نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان نے فون کر کے میرے مغوی بھائی کی بازیابی کیلئے 6 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کیا جس کے بعد ملزمان نے پھر فون کر کے رقم کم کر کے 4 کروڑ کر دی اب ملزمان 2 کروڑ روپے تاوان کا مطالبہ کر رہے ہیں جس کے بارے میں پولیس کے اعلیٰ حکام کو بھی آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، صوبائی وزیر داخلہ اور آئی جی پولیس سے اپیل کی کہ ان کے بھائی حاجی اختر محمد کے اغواء کا نوٹس لیتے ہوئے ان کی فوری بازیابی اور ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کریں۔

INTEKHAB QUETTA

## باپ بیٹے کا قتل' جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید و موت کی سزا

### جاوید نے جائیداد کے تنازع پر اپنے چچا اور چچازاد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل سیشن جج ون سریاب اورنگزیب گھمن نے باپ بیٹے کے مقدمہ قتل میں نامزد ملزم کو مختلف دفعات کے تحت جرم ثابت ہونے پر سزائے بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

موت اور عمر قید کی سزائیں سنا دی ہیں۔ سرکار کی جانب سے مقدمہ کی پیروی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر میر شہداد مری نے کی، عدالت نے مقدمہ میں نامزد مفرور ملزمان کی حد تک مقدمہ کو سرد خانے میں محفوظ رکھنے کا بھی حکم سنا دیا ہے۔ استغاثہ کے مطابق مقدمہ میں نامزد زیر حراست ملزم مقبول احمد و دیگر نے گزشتہ سال کوئٹہ کے سریاب علاقے میں جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے اپنے چچا حاجی قاسم اور ان کے بیٹے جاوید کو قتل کر دیا تھا

## چاغی' چرواہے نے چرواہے کو قتل کر دیا

چاغی (نامہ نگار) چاغی میں چرواہا ہی چرواہے کا قاتل نکلا، تفصیلات کے مطابق چاغی کے علاقے زمین بند ایریا میں گزشتہ دنوں محمد حسن محمد حسنی چرواہے کو قتل کر کے اس کی لاش بورنگ میں پھینک دی تھی، قاتل نے فون کے ذریعے محمد حسن کو قتل کرنے کے اعتراف کی تھی بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

قاتل کے نشاندہی پر چاغی کے قبائلی رہنما سردار محمد شریف محمد حسنی اور مقامی انتظامیہ جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش نکالنے میں مصروف ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 23 JUN 2022 Page No. 9


# کراچی کوئٹہ مسافر کوچز حب کے شہریوں کیلئے دردِ سر بن گئیں

غیر ملکی کپڑے اور دیگر اشیاء سے لوڈ کوچز کو چیکنگ کے خوف سے حب پل پر کھڑا کردیا' ٹریفک کی روانی معطل' مسافر شدید گرمی میں رل گئے

ہماری کوچز میں غیر ملکی کپڑا لوڈ ہے جو رینجرز اور کسٹم حکام نہیں چھوڑ رہے' ڈرائیورز کا اعتراف' مسافر پیدل چلنے پر مجبور ہوگئے

حب (نمائندہ انتخاب) کراچی کوئٹہ چلنے والی مسافر کوچز حب کے شہریوں کے دردسر بن گئیں مبینہ طور پر غیر ملکی کپڑا سمیت دیگر اشیا لوڈ ہونے پر موچکو کسٹم اور رینجرز سے مبینہ معاملات میں خلل پیدا ہونے کے بعد کی صورتحال کے پیش نظر کوچز کو احتجاجاً حب پل پر کھڑا کردیا گیا جس کی وجہ سے کئی گھنٹوں تک سندھ بلوچستان کے سنگم پر ٹریفک معطل رہی مقامی ٹرانسپورٹرز سمیت مسافر رل گئے اس سلسلے میں بدھ کے روز صبح سویرے کوئٹہ سے کراچی جانے والی متعدد مسافر کوچز سندھ بلوچستان کے سنگم حب پل پر کھڑی کردی جس سے حب پل پر ٹریفک کی روانی کئی گھنٹے معطل

بقیہ نمبر 80 صفحہ 7 پر

رہی مسافروں کے مطابق کوئٹہ کراچی چلنے والی ان مسافروں کوچوں میں غیر ملکی کپڑا سمیت دیگر اشیا لوڈ ہے جس کی وجہ سے آگے کراچی کے حدود میں قائم کسٹم اور سندھ رینجرز کے چیکنگ سے بچنے کے لیے کوچوں کو حب پل پر کھڑا کردیا تاکہ کسی وقت چیکنگ ختم ہو تو نکل جائیں اس موقع پر کچھ ڈرائیوروں نے بھی میڈیا نمائندگان کو بتایا ہمارے کوچوں میں غیر ملکی کپڑا لوڈ ہے جو کسٹم اور سندھ رینجرز نہیں چھوڑ رہے مسلسل کئی گھنٹے حب پل پر مسافر پیدل آنے جانے پر مجبور ہے۔

# پی ایس ڈی پی کی تیاری میں غیر متعلقہ افراد کی اسکیمات ڈالنے کی کوشش کا انکشاف

مداخلت کرنے کی کوشش کو تین بار روکا گیا' وزیراعلیٰ کی سخت ہدایات پر اسکیمات نکال دی گئیں

پی ایس ڈی پی کی تیاری میں تاخیر کی وجہ اس کی اسکروٹنی میں وقت لگتا ہے' وزیراعلیٰ نے ملوث افراد کیخلاف قانونی کارروائی کی تنبیہ کی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے پی ایس ڈی پی کی تیاری میں غیر متعلقہ افراد کی جانب سے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لئے اسکیمات

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر

ڈالنے کی کوشش کا انکشاف، مداخلت کرنے کی کوشش کو تین بار روکا گیا، ذرائع کے مطابق بلوچستان کے مالی سال 2022-23 کی پی ایس ڈی پی کی تیاری کے دوران چند غیر متعلقہ افراد نے ذاتی مفادات حاصل کرنے کے لئے اسکیمات پی ایس ڈی پی میں شامل کی تھیں جس کا علم ہونے پر وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر پی ایس ڈی پی کی اسکروٹنی کی گئی تاہم بعد میں ایک مرتبہ یہی عمل دہرایا گیا تیسری بار یہ عمل دہرائے جانے پر وزیراعلیٰ کی جانب سے سختی سے ہدایت کی گئی کہ کوئی بھی اسکیم ان کی جانب سے قائم کردہ میکنزم اور ضوابط سے ہوتے ہوئے بغیر پی ایس ڈی پی کا حصہ نہیں بنے گی جس کے بعد پی ایس ڈی پی سے تمام ایسی اسکیمات جو میرٹ کی بناء پر شامل کی گئیں تھیں کو نکال دیا گیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 23 JUN 2022 Page No. 10

## زمیندار ایکشن کمیٹی کی لوڈشیڈنگ کیخلاف ریلی، وزیراعلیٰ ہاؤس کے قریب دھرنا

### زراعت اور فصلیں تباہ ہوگئی ہیں، مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو سخت اقدام اٹھائیں گے، نصیر شاہوانی ودیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز پر کیسکو کی جانب سے 6 گھنٹے بجلی کی فراہمی کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن 2 گھنٹے یا 3 گھنٹے بجلی فراہم کی جارہی ہے، زراعت وہ شعبہ ہے جس سے 7 لاکھ افراد کا روزگار وابستہ ہے لیکن کیسکو اور واپڈا حکام لاکھوں لوگوں کے معاشی قتل میں ملوث ہیں، زرعی شعبے کی تباہی کی تمام ذمہ داری کیسکو پر عائد ہوتی ہے، یہ بات زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے زیر اہتمام دھرنے کے شرکا سے زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ورکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی، ایم پی اے اصغر علی ترین، زمیندار ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی، ایکشن کمیٹی کے حاجی کاظم اچکزئی، حاجی نور احمد بلوچ، سید عبدالقہار آغا، حمد یق اللہ آغا، حاجی عبدالمجید مشوانی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے لاکھوں لوگوں کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے کیسکو کی پشین، قلعہ عبداللہ، مستونگ، قلات سمیت صوبے کے مختلف اضلاع میں عین سیزن میں بجلی کی لوڈشیڈنگ سے زراعت اور فصلیں تباہ ہوگئی ہیں اگر ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو مزید سخت اقدام اٹھائیں گے، حکمرانوں کو اقتدار میں رہنے کا کوئی حق نہیں ہے، وفاق کے ذمے بلوچستان کی بجلی 12 سو میگاواٹ ہے، لیکن اس وقت بلوچستان کو 7 سو سے بھی کم کرکے 5 سو میگاواٹ بجلی فراہم کی جارہی ہے جو یہاں کے زمینداروں اور لوگوں سے ظلم کے مترادف ہے، مہنگائی عروج پر ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں لیکن حکمرانوں کو زمینداروں کی کوئی فکر نہیں ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ لاکھوں لوگوں کے روزگار کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر اس مسئلے کو حل کیا جائے۔ قبل ازیں زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کے زیر اہتمام قلعہ عبداللہ، پشین سمیت بلوچستان بھر میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی کمی کے خلاف ایوب اسٹیڈیم سے ریلی نکالی گئی اور وزیراعلیٰ ہاؤس کے قریب زرغون روڈ پر دھرنا دیا گیا، دھرنے کی قیادت زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ورکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی، ایم پی اے اصغر علی ترین، زمیندار ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی نے کی، دھرنے میں پشین، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، قلات، مستونگ، کوئٹہ واندرون صوبے سے تعلق رکھنے والے زمینداروں نے شرکت کی۔

MASHRIQ QUETTA

## 2 ماہ کی تنخواہیں وپنشن نہ ملنے پر واسا ملازمین سراپا احتجاج، ریلی، ایدھی چوک پر دھرنا

### تنخواہیں نہ ملنے پر غریب ملازمین کے بچے فاقوں کا شکار ہیں، مہنگائی نے مسائل بڑھا دیے، اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، احتجاجی ملازمین

### چند افراد کی نااہلی سے ہر ماہ تنخواہوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، مسئلہ حل نہ ہوا تو اوزار چھوڑ احتجاج کرینگے، حاجی بشیر احمد

### تنخواہوں کے فنڈز جلد ریلیز ہونگے۔ ایم ڈی حامد لطیف رانا اور دیگر افسران کی یقین دہانی، جلسے سے عارف تجاری، رحمت زہری ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) دو ماہ سے تنخواہوں اور اوور ٹائم اور پنشن کی عدم ادائیگی نہ ہونے پر محکمہ واسا کے ملازمین ٹیوب ویل اسٹاف مزدور اور پنشنرز سراپا احتجاج بن گئے تنخواہیں نہ ملنے پر عید سے قبل اوزار چھوڑ احتجاج اور کوئٹہ شہر کے تمام ٹیوب ویلز بند کرنے کا اعلان کردیا تفصیلات کے مطابق زرغون روڈ واسا ہیڈ آفس سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے چیئرمین اور واسا ایمپلائز یونین کے صدر حاجی بشیر احمد عارف خان...... بقیہ نمبر5 صفحہ 10 پر

## شاہرگ کول مائنز کے ایریا میں ناقص خوراک ہیضہ پھیلا، عبدالستار

### آلودہ پانی پینے سے ایک ورکر جاں بحق، متعدد مزدور وباء کا شکار ہوئے، محمد زمین

کوئٹہ (پ ر) پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین عبدالستار صوبائی چیئرمین محمد زمین یونائیٹڈ ماربل یونین چاغی کے صدر سعید احمد بلانوشی اور سیکرٹری اطلاعات منظور احمد بلوچ نے ایک بیان کے ذریعے واضح کرتے ہوئے کہا کہ شاہرگ کول...... بقیہ نمبر31 صفحہ 10 پر

ن تجاری حاجی سعداللہ کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں سینکڑوں مزدور اور ملازمین مختلف شاہراہوں پر تنخواہوں کی ادائیگی اور دیگر مطالبات کی حمایت میں نعرے بازی کرتے ہوئے ایدھی چوک پر پہنچی جہاں بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان سیکرٹری جنرل قاسم خان عابد بٹ ظفر خان رند ملک وحید کاسی وین محمد محمد حسنی محمد عمر جنگ حسن بلوچ اور دیگر رہنماؤں نے ورجنوں مزدوروں کیساتھ احتجاجی ریلی کا استقبال کیا اور دھرنے میں شریک ہوئے اس موقع پر مزدوروں اور ملازمین نے دھرنا دیا اور شدید نعرے بازی کی ایدھی چوک پر احتجاجی دھرنے کے شرکا سے ایم ڈی واسا حامد لطیف رانا نے کہا کہ واسا ملازمین کو تنخواہوں کی مستقل بنیادوں پر ادائیگی کیلئے اعلیٰ حکام سے بات چیت جاری ہے پورے سال کی تنخواہوں کی گرانٹ کے حصول کیلئے کام کررہے ہیں تین روز میں ملازمین کو تنخواہیں ادا کردی جائیں گی اس موقع پر صدر حاجی بشیر احمد لہڑی کوہ کے صدر رحمت اللہ زہری عارف خان تجاری قادر کرد عابد بٹ سردار احمد وین محمد محمد حسنی ظفر خان رند ملک وحید کاسی حاجی سعداللہ نے خطاب کیا اور کہا کہ ملازمین کے حقوق سے دستبردار نہیں ہونگے واسا کے ملازمین کو دو دو ماہ تک تنخواہوں پنشن اور دیگر مراعات سے محروم رکھنا درست نہیں۔ مہنگائی نے غریب ملازمین کی کمر توڑ دی ہے اور دیوہ کر کی تنخواہوں پنشن کی سمری اپنے محل پر رکھے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں بیٹھے افسران تنخواہوں اور دیگر فوری واجبات کی ادائیگی کی فائلوں کی راہ میں رکاوٹیں نہ ڈالیں۔

مائنز کے ایریا میں ناقص خوراک اور صاف پانی نہ ہونے کی وجہ سے مائنز کے ورکروں میں ایک خطرناک ہیضہ کی مرض پھیلی جس سے مائنز کا ایک ورکر عصمت اللہ فوت ہوا اور بہت سے ورکرز بیمار پڑ گئے ان میں ایک ورکرز کو ایمرجنسی کی بنیاد پر کوئٹہ ریفر کردیا۔ دریں اثنا پاکستان سنٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے سیکرٹری مائنز نور احمد پرکانی اور کمشنر مائنز محمد انور جان مندوخیل سے رابطہ کیا جس پر مائنز سیکرٹری اور مائنز کمشنر نے ڈاکٹروں اور ان کے عملہ پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی اور دوائیوں کے ساتھ شاہرگ روانہ ہوئے اور کول مائنز میں بیمار ورکروں کی علاج ومعالجہ شروع کرنے کا عزم کیا اس کے علاوہ سیکرٹری مائنز نے سیکرٹری ہیلتھ حکومت بلوچستان سے بھی فون پر رابطہ کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 23 JUN 2022 Page No. 11

## بلوچستان کا روایتی بجٹ

ملک کے سب سے بڑے اور قدرتی وسائل سے مالامال صوبے بلوچستان کا آئندہ سال کے لئے روایتی بجٹ پیش کر دیا گیا ہے جس میں خاطر خواہ مالی وسائل کی عدم دستیابی اور وفاقی حکومت کی جانب سے اپنے حصے کے پورے فنڈز نہ ملنے کی وجہ سے انفراسٹرکچر کی بہتری سمیت کوئی قابل ذکر ترقیاتی منصوبہ شروع کرنے کی نوید نہیں ہے۔ صوبائی وزیر خزانہ سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے 612ارب 70 کروڑ روپے کا خسارے کا بجٹ پیش کرتے ہوئے ترقیاتی منصوبوں کے لئے 191.5ارب مختص کرنے کا اعلان کیا۔ بجٹ میں 72.8ارب روپے خسارہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ملازمین کی تنخواہوں اور پنشنوں میں 15فیصد اضافہ، کم سے کم اجرت بڑھا کر 25ہزار روپے کرنے اور 2852نئی اسامیاں تخلیق کرنے کا اعلان بھی کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے معدنی وسائل کی ترقی پر 74 کروڑ روپے خرچ کرنے کی بات کی جو بہت معمولی رقم ہے۔ مجموعی طور پر 3470نئے ترقیاتی منصوبوں کیلئے 59ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ وزیر خزانہ نے مالی بے قاعدگیوں کو روکنے کے لئے بلوچستان فنانس مینجمنٹ ایکٹ کے نفاذ کا ذکر کیا جو ایک اچھا اقدام ہے جس کی دوسرے صوبوں کو بھی تقلید کرنی چاہیے۔ سی پیک منصوبہ بلوچستان کی ترقی کے لئے بہت اہمیت رکھتا ہے۔ صوبے میں اس کے تین کوریڈور ہیں لیکن ایک بھی صنعتی زون نہیں ہے۔ نہ ہی پاک چین دوستی کے اس عظیم منصوبے کا اب تک ایک بھی پراجیکٹ مکمل ہوا ہے۔ بلوچستان اکنامک فورم کے صدر سردار شوکت عزیز پوپلزئی نے درست کہا کہ صوبہ وفاق کی وصولیوں کا محتاج ہے۔ اس کی اپنی آمدنی بہت کم ہے۔ پرائیویٹ سیکٹر حکومت کی عدم توجہی کا شکار ہے۔ پاکستان اس وقت جس اقتصادی بحران کا شکار ہے صرف بلوچستان کے معدنی وسائل سے اس پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ اگرچہ یہ ایک طویل عمل ہے مگر اس کے بغیر نہ صوبے کی پسماندگی، غربت اور عوام میں پائی جانے والی بے چینی دور ہوگی نہ پاکستان مستحکم اور خوشحال ہوگا۔

92 نیوز کوئٹہ

## بلوچستان: خسارے کا ٹیکس فری بجٹ

بلوچستان اسمبلی میں آئندہ مالی سال 23-2022ء کا 612ارب 70 کروڑ روپے کا بجٹ پیش کر دیا گیا ہے۔ ٹیکس فری بجٹ میں 72ارب روپے خسارہ ظاہر کیا گیا ہے۔ تنخواہوں اور پنشن کی مد میں 15فیصد اضافہ اور مزدور کی کم سے کم اجرت 25ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ خسارے کے باوجود صوبائی بجٹ کو اس لحاظ سے امید افزا قرار دیا جاسکتا ہے کہ اس میں پہلی مرتبہ نوجوانوں کے لئے 2851نئی اسامیاں رکھی گئی ہیں جس سے بیروزگاری پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔ بجٹ میں غیر ترقیاتی اخراجات کا تناسب ترقیاتی اخراجات کے مقابلہ میں زیادہ ہے۔ انہیں کم کر کے نا صرف بجٹ خسارے پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ صحت اور تعلیم کے شعبوں کے لئے بھی زیادہ رقم مختص کی جاسکتی تھی جن کیلئے بالترتیب 43 اور 83ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ صوبے کی پسماندگی دور کرنے کے لئے ضروری ہے کہ عوامی خدمات کے اداروں کے لئے زیادہ سے زیادہ رقوم مختص کی جائیں۔ صوبائی وزیر اعلیٰ کا کہنا تھا کہ ماضی کے برخلاف پہلی مرتبہ اپوزیشن جماعتوں کو عوام کے جائز مسائل کے حل کے لئے براہ راست ترقیاتی فنڈ دیئے جائیں گے۔ بلاشبہ یہ ایک احسن اقدام ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ وفاق بھی بلوچستان کو اس کی توقع کے مطابق 370ارب روپے فراہم کرے تاکہ صوبہ کے پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو آگے بڑھایا جاسکے۔ editorial@roznama92news.com

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 23 JUN 2022 Page No. 14


## Balanced & Growth Oriented FY Budget

Finally fiscal year budget 2022 - 23 has tabled in the Balochistan Assembly, though postponed twice due to some reasons, even budget session started almost four hours later to the scheduled timings. Government of Balochistan under Mir Abdul Quddoos Bizinjo successfully tabled its first budget. Sardar Abdul Rehman Khetran seasoned parliamentarian presented his first budget of his career. 600 billion rupees budget for new fiscal year budget of 2022 - 23, with a deficit of 72 billion. Among the notable figures of the provincial budget was a 15 per cent across the board increase in the salary of government employees. Interestingly during his budget speech silent prevailed in the Balochistan legislative Assembly, the finance minister said that no new tax had been introduced in the budget 2022-23 and the increase in non-development expenditure has also restricted. While addressing to the bûdget session Mr. Khetran claimed that budget is Citizen's Budget for which government consulted with all the stakeholders, including industrialists, businessmen, entrepreneurs, traders and agriculturists. Members belong to treasury benches have been claiming that government presented a public friendly budget which is according to the demands and needs of the common men. Budget was prepared according to the people's needs.

Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddoos Bizinjo has won the hearts of the people with this great budget. Previous governments never provided relief to common man, but the present provincial government has provided relief to the people by cutting down on its own expenses. The BAP government believes in spending public money on public welfare alone. Development budget has been proposed for the Specialized Healthcare and Medical Education Department. Development budget had been tabled for Primary and Secondary Healthcare Department. Expectations are more tilted towards consolidation. The year 2022 is being looked upon as a year of hope .Hope for good health, hope for a life free of restrictions, and hope for buoyancy in economy. On the economic front, stock markets are also achieving new heights with the expectation of the economy improving and a taxpayer-friendly Budget. While various economic packages and reforms announced by the government in 2020 have no doubt kept the economy afloat, Budget 2023 is also being looked upon as a watershed event which is expected to lift and give an impetus to the economy. Some of the expectations of the common man are sky touching and for the big year undoubtedly look up to the Bizinjo government and finance minister Khetran for various incentives, tax cuts, subsidies, easier credit access and other benefits to cope up with Petrol and inflation challenge.

The common man has been struggling with disruptions in income and cash flow, since the time sky touching inflation, because of which they have been looking to the banking sector for access to credit. It has also been claiming said the budget had been drafted after consultations with all the relative stakeholders. It is claiming that more than Rs 100 billion would have been allocated for the uplift of the education sector. The Rs 38 billion sums allocated for the health sector aims to provide modern medical facilities for the poor people residing in the providence. 60 billion rupees is expected to be allocated for Law and order: 15 per cent increase in the salaries of provincial government employees is also expected as per decision taken by federal government. Five thousand new job vacancies would also be created in next fiscal year budget. Province would also receive 540billion rupees from divisible pool. No new tax imposed on common men in the next financial year budget.

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan news

Bullet No. 6

Dated: 23 JUN 2022 Page No. 12


# صوبائی بجٹ بلوچستان کی ترقی کی بنیاد

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے بعد بلوچستان کی ترقی، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں کی بہتری کے حوالے سے جس عزم کا اظہار کیا تھا اس کا مشاہدہ گذشتہ روز بلوچستان اسمبلی میں پیش کئے جانیوالے مالی سال 2022-023 کے بجٹ میں واضح طور پر کیا جاسکتا ہے، تعلیم، صحت اور امن وامان کے شعبوں پر حکومت کی جانب سے نہ صرف بھرپور توجہ مرکوز کی گئی ہے بلکہ گذشتہ سال کی نسبت تمام شعبوں کے بجٹ میں خاطر خواہ اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کرکے وزیراعلیٰ بلوچستان اور انکی پوری ٹیم نے عوام کے دل جیت لئے ہیں امن وامان، تعلیم وصحت اور مواصلات جیسے شعبوں کا تعلق براہ راست عوام سے ہے جب ان شعبوں میں بہتری کیلئے اقدامات کئے جاتے ہیں تو اسکا سب سے زیادہ فائدہ عوام کو ہوتا ہے، بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کیلئے رواں مالی سال کے مقابلے میں انیس ارب روپے زیادہ رکھے گئے ہیں بجٹ دستاویزات کے مطابق بلوچستان کے آئندہ مالی سال کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام پی ایس ڈی پی کیلئے 191 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو رواں مالی سال کے 172 ارب کے مقابلے میں انیس ارب روپے زیادہ ہیں، محکمہ تعلیم کیلئے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 83 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو رواں مالی سال کے مقابلے میں بارہ ارب روپے زیادہ ہیں امن وامان کیلئے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں 56 ارب روپے رکھے گئے ہیں جو روان مالی سال کے مقابلے میں چار ارب روپے زیادہ ہیں آئندہ مالی سال کیلئے محکمہ صحت کے بجٹ میں پانچ ارب، اکنامک افیئر میں چار ارب، ہاوسنگ اینڈ کمیونٹی ضروریات میں ایک ارب روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ حکومت نے 612 ارب کا بجٹ پیش کرکے صوبے کی ترقی کی بنیاد رکھ دی ہے صوبے میں ترقی وخوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد اضافے سے ملازمین کو براہ ریلیف ملے گا عوام پر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا گیا جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت عوام پر کوئی مالی بوجھ نہیں ڈالنا چاہتی صحت اور تعلیم کے شعبوں کیلئے بھی اربوں روپے رکھے گئے ہیں صحت کی ترقی کیلئے بارہ ارب روپے سے عوام کو صحت کی اچھی سہولتیں میسر آسکیں گی تعلیم کی ترقی کیلئے دس ارب سے تعلیمی انقلاب آئیگا زراعت اور آبنوشی اسکمیوں کیلئے بھی کروڑوں روپے کا بجٹ رکھا گیا ہے جس سے زراعت کو فروغ ملے گا تاریخی بجٹ پیش کرنے پر وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو وزیرخزانہ سردار عبدالرحمان کھیتران سمیت پوری کابینہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## بلوچستان کی اخباری صنعت، وفاق کے توجہ کے منتظر

ملک میں مقامی اخباری صنعت کو شدید خطرات لاحق ہیں جس کی بڑی وجہ اس صنعت پر خاص توجہ نہ دینا ہے۔ مقامی اخبارات سے بڑی تعداد میں غریب صحافیوں کا روزگار جڑا ہوا ہے۔ پرنٹ میڈیا کا کردار اگر دیکھا جائے تو انتہائی اہم ہے جس میں عام لوگوں سے لے کر سیاسی جماعتوں تک سب کو بہت زیادہ جگہ دی جاتی ہے، علاقائی مسائل کی نشاندہی ان کی ترجیحات میں شامل ہوتے ہیں۔ سب سے زیادہ اس وقت بلوچستان میں اخباری صنعت متاثر ہے جسے اشتہارات کی مد میں اس طرح اہمیت نہیں دی جاتی جس طرح وفاق دیگر صوبوں کو دیتا ہے جبکہ بلوچستان حکومت اپنے بجٹ کے لحاظ سے اشتہارات دیتی ہے مگر وفاقی حکومت کی جانب سے اشتہارات نہ ہونے کے برابر ہیں اس لیے بلوچستان میں اخباری صنعت زوال کی طرف جارہی ہے، بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے اور مستقبل میں ملکی ترقی کا سب سے بڑا راستہ ہے بلوچستان کے ساتھ ہر شعبہ میں زیادتیاں کی گئیں۔ اپوزیشن میں رہتے ہوئے سیاسی جماعتیں یہاں کی محرومیوں کے ازالہ کا ہر وقت ذکر کرتے رہتے ہیں مگر حکومت ملتے ہی بلوچستان کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جاتا ہے اور کئی دہائیوں سے یہ سلسلہ چلتا آرہا ہے۔ بلوچستان میں ویسے بھی روزگار کے ذرائع انتہائی محدود ہیں جو مقامی صنعتیں چل رہی ہیں وہ بھی ہچکولے کھارہی ہیں کیونکہ وہاں بھی بہت سارے مسائل موجود ہیں، اس لیے بلوچستان میں مزید شعبے جو روزگار فراہم کریں، ان پر کوئی کام نہیں ہورہا ہے مگر جو صنعتیں موجود ہیں جن سے بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل اور روزگار وابستہ ہے ان پر تو خاص توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی حکومت کو چاہئے کہ بلوچستان کی اخباری صنعت کو ترقی وفروغ دینے کے لیے فنڈز میں اضافہ کرے اور بلوچستان کو ترجیح دی جائے۔ دیکھنے کو یہ بھی ملتا ہے کہ بلوچستان کے متعلق منصوبوں کے اشتہارات دیگر صوبوں کے اخبارات میں دیئے جاتے ہیں جو سراسر زیادتی ہے لہٰذا ان اہم مسائل کو ایڈریس کیا جائے۔ گزشتہ روز وفاقی وزیر اطلاعات نے الیکٹرانک میڈیا کو فوکس رکھا اور مکمل طور پر اسی پر بات کی مگر اخباری صنعت کے حوالے سے کوئی بھی خاص اعلان نہیں کیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ میڈیا ورکرز کی تنخواہوں اور کنٹریکٹ کے حوالے سے قانون لایا جارہا ہے۔ سینیٹر فیصل جاوید کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اطلاعات ونشریات کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا کہ حکومت پیمرا قوانین میں ترامیم لا رہی ہے اور اس حوالے سے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ساتھ بات چیت چل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی مشاورت سے ترامیم لارہے ہیں اور جو بھی ترمیم ہوگی تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ سابق دور میں تنخواہیں ادا نہ کرنے والے میڈیا ہاؤسز کے اشتہارات بند نہیں کیے گئے تاہم اب ورکرز کی تنخواہوں اور کنٹریکٹ کے حوالے سے قانون لایا جا رہا ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ سابق وزیر اطلاعات فواد چودھری نے اپنے دور میں چینلز کی کیٹیگری تبدیل کی اور 2019 میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد چینلز کی درجہ بندی کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل اے، بی اور تھری کیٹیگری کے لحاظ سے اشتہارات دیئے جاتے تھے اور درجہ بندی سے قبل پی آئی ڈی کا اشتہارات کا نظام بھی شفاف تھا۔ چینلز کی درجہ بندی پروگرام اور وقت کے حساب سے کی گئی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ اشتہارات کے اجرا میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا اور کسی چینل کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں رکھا گیا کیونکہ حکومت آزادی صحافت پر کامل یقین رکھتی ہے۔ پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ ادارے کی ضرورت کے مطابق اشتہارات جاری کرتا ہے۔ بہرحال الیکٹرانک میڈیا بھی وقت اہم کی ضرورت ہے مگر پرنٹ میڈیا کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا اس لیے اس کی اہمیت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پرنٹ میڈیا کی صنعت کو ترجیح دیتے ہوئے اس کے اشتہارات کے فنڈز میں اضافہ کیا جائے تاکہ مقامی اور خاص کر بلوچستان میں اخباری صنعت زوال کی بجائے مزید ترقی کی جانب گامزن ہوسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 23 JUN 2022 Page No. 16


# وزیراعلیٰ بلوچستان اور سردار یار محمد رند کے اختلافات ختم

## بی اے پی انٹرا پارٹی الیکشن کی کوئی قانونی حیثیت نہیں: جام کمال خان




خلیل احمد

بلوچستان کا آئندہ مالی سال2022-23 کا6سو12ارب کا بجٹ پیش کردیا گیا۔ نئے بجٹ میں کسی قسم کا کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا جبکہ اس بجٹ اجلاس کے بعد ہی وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے ایک اپنے مخالفین کی ایک اور وکٹ گراتے ہوئے سردار یار محمد رند سے اختلافات کو ختم کرلیا۔ اجلاس کے فوراً بعد وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو خود سردار یار محمد رند کی رہائش گاہ پہنچے اور بجٹ میں ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا جس کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہماری کوشش ہے کہ بجٹ میں ہر رکن اور اسکے حلقے کو برابر کا حصہ دیا جائے تاکہ صوبے میں ترقی کا عمل یکساں ہو۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ اپوزیشن یا سیاسی مخالفین کے حلقوں میں ترقیاتی منصوبے یا فنڈز روکے جائیں۔ اس سے قبل سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق ظہور بلیدی نے بھی خاموشی سے عبدالقدوس بزنجو کے کیمپ کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا تھا جس پر سیاسی حلقوں میں کئی چہ میگوئیاں ہورہی ہیں تھیں۔ اگر ہم بجٹ میں خدوخال پر نظر ڈالیں تو بجٹ میں ترقیاتی اخراجات کا حجم 191 ارب جبکہ غیر ترقیاتی اخراجات کی مد میں 367 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ نوجوانوں کے لئے 2851 نئی آسامیاں، صحت، تعلیم، امن وامان، مواصلات کو وفاق کی جانب سے 28.3 ارب جبکہ فارن فنڈنگ منصوبوں پر 14.6 ارب صوبائی ترقیاتی پروگرام کے علاوہ ہیں 3367 جاری اسکیمات کے لئے 133 ارب روپے مختص کیے گئے۔ 3470 نئی اسکیمات کے لئے 59 ارب روپے مختص۔ صحت کے شعبہ کے لئے 26 ارب غیر ترقیاتی جبکہ 12 ارب روپے ترقیاتی مد میں رکھے گئے نئے مالی سال میں پی پی ایچ آئی آپریشنل فنڈز 1 ارب 50 کروڑ مختص ادویات کی فراہمی کی مد 6 ارب 60 کروڑ رکھے گئے تعلیم کے شعبہ میں ترقیاتی مد 9 ارب جبکہ 61 ارب غیر ترقیاتی مد میں رکھے گئے۔ امن وامان کے لئے غیر ترقیاتی بجٹ 42 ارب روپے مختص جبکہ ترقیاتی کے لئے 2 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ وزیر خزانہ سردار عبدالرحمن کھیتران نے اپنی بجٹ تقریر میں بتایا کہ بلوچستان عوامی پارٹی اور اس کی اتحادی جماعتوں کا چوتھا سالانہ بجٹ اس مقدس ایوان کے سامنے پیش کرنا میرے لیے اعزاز اور مسرت کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بلوچستان عوامی پارٹی اور اس کی اتحادی جماعتوں کی حکومت مجموعی طور پر اب تک تین بجٹ پیش کرچکی ہے اور آج میں چوتھا بجٹ اس ایوان کے سامنے پیش کرنے جارہا ہوں لیکن میر عبدالقدوس بزنجو وزیراعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں موجودہ حکومت کا یہ پہلا بجٹ ہے۔ ہماری حکومت نے اپنی آٹھ ماہ کی مدت مکمل کی ہے کسی بھی حکومت کی کارکردگی کو جانچنے کیلئے یہ عرصہ نہایت کم ہوتا ہے تاہم ہم نے اس مختصر مدت کے دوران بہت سی اہم کامیابیاں حاصل کرکے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکرگذار ہوں ہم نے اس عرصہ میں ریکوڈک کا تاریخی معاہدہ کیا ہم نے شروع دن سے بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے ذرائع پیدا کرنے پر توجہ دی نئے مالی سال 2022،23 میں بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے سینکڑوں خالی اسامیوں کو پر کیا جائے گا۔ مجموعی طور پر مالی سال 2022،23 میں اس شعبہ میں غیر ترقیاتی مد میں 12 ارب 71 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ جبکہ ترقیاتی مد میں 9 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موسمی تغیرات سے پیدا ہونے والے اثرات جن میں پانی کی قلت، طویل خشک سالی، زیرزمین پانی کے ذخائر میں کمی، صوبے میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے اس شعبے پر انتہائی منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ رواں سال 2021-22 میں نیشنل پروگرام کے تحت مندرجہ ذیل اقدامات اٹھائے گئے؛ 878 تالابوں کی پختگی، 361 واٹر اسٹوریج ٹینک، 750 ایکڑ زمین کی لیولنگ، 396 گرین ٹنل شامل ہیں۔ ہماری حکومت نے اہم فصلات کے لیے بیج مفت تقسیم کی اور ٹڈی دل جیسے خطرات سے نمٹنے کے لیے سپرے کیا گیا۔ جس سے زمینداروں کو کروڑوں روپے کے نقصانات سے بچایا گیا۔ مالی سال 2022،23 میں بلڈوزر گھنٹوں کے لیے صوبے کے تمام اضلاع کے لیے 1 ارب 50 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ صوبے کے مختلف اضلاع میں زرعی سولر ٹیوب ویلز کی نئی اسکیموں کے لیے 57 کروڑ 60 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ مستقبل میں کسان کارڈ کا اجرا زیرِ غور ہے۔ زمینداروں کو زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے ربیع اور خریف فصلات میں کھاد سبسڈی کی مد میں 610 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر مالی سال 2022?23 میں اس شعبے کے لیے ترقیاتی مد میں 10 ارب روپے اور غیر ترقیاتی مد میں 11 ارب 70 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

دوسری جانب رواں ہفتے کے دوران ہی بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹراپارٹی الیکشن کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو بلامقابلہ مرکزی صدر، منظور کاکڑ مرکزی جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے، سردار صالح بھوتانی صوبائی صدر اور نور محمد دمڑ صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب کرلئے گئے۔ بی اے پی کے چیف آرگنائزر جان محمد جمالی نے بی اے پی کے نومنتخب صدور اور جنرل سیکریٹریز سے پارٹی عہدوں کا حلف لیا۔ اس حوالے سے بلوچستان عوامی پارٹی کے انٹراپارٹی انتخابات کیلئے مرکزی کونسل سیشن بوائے سکاؤٹس ہیڈکوارٹرز کوئٹہ میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سمیت بی اے پی سے تعلق رکھنے والے وفاقی اور صوبائی وزراء نے شرکت کی تاہم دوسری جانب بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر جام کمال خان نے ان انتخابات پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان انتخابات کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے الیکشن کمیشن کے دستاویزات کے مطابق وہ یعنی جام کمال خان پارٹی کے صدر ہیں اور اس حوالے سے انہیں اعتماد میں نہیں لیا گیا تھا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 23 JUN 2022 Page No. 17


## مقالہ خصوصی

### بلوچستان بجٹ 2022-23

بلوچستان کے نئے مالی سال 2022-23 کیلئے بجٹ صوبائی اسمبلی میں پیش کردیا گیا ہے۔ نئے مالی سال کے بجٹ کا کل حجم 612 ارب روپے بتایا گیا ہے۔ ترقیاتی منصوبوں میں 191.5 ارب روپے جبکہ غیر ترقیاتی مد میں 367 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ بجٹ میں 72.8 ارب روپے کا خسارہ ظاہر کیا گیا ہے۔ گذشتہ مالی سال کے مقابلے میں زیادہ ترقیاتی منصوبے تیار کئے گئے ہیں۔ 3470 نئے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کے لئے 59 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق صحت کے شعبہ میں 12 ارب معدنیات اور معدنی وسائل پر 74 کروڑ روپے خرچ کئے جائیں گے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ کسی بھی معاشرے کی ترقی میں انسانی وسائل کی ترقی کو کلیدی اہمیت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ موجودہ حکومت تعلیمی شعبے کی ترقی کو خصوصی ترجیح دیتی ہے نئے مالی سال کے بجٹ میں پرائمری اور سیکنڈری تعلیم کے شعبے میں متعدد نئے منصوبے متعارف کرائے گئے ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق سینکڑوں شیلٹرلیس سکولوں کی تعمیر کے لئے 30 کروڑ روپے سے زائد مختص کئے گئے ہیں۔ 103 نئے پرائمری سکول کھولے جائیں گے جبکہ 60 سکولوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا ان سکولوں میں 831 نئی آسامیاں پیدا ہوں گی پرائمری و سیکنڈری تعلیم کیلئے ترقیاتی مد میں 10 ارب جبکہ غیر ترقیاتی مد میں 63 ارب 44 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ کالجز و ہائر ایجوکیشن کے شعبے میں ترقیاتی مد میں 9 ارب اور غیر ترقیاتی مد میں 12 ارب 71 کروڑ رکھے گئے ہیں بتایا گیا ہے کہ 2 ارب 50 کروڑ کی لاگت سے مکران یونیورسٹی پنجگور کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ جس کیلئے نئے مالی سال میں 10 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں 12 ارب روپے کی لاگت سے قائداعظم کیڈٹ کالج زیارت کی تعمیر کی جائے گی اور اس سال کیلئے اس منصوبے پر 30 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ صوبائی بجٹ میں 2852 نئی آسامیاں پیدا کرنے کے علاوہ تنخواہوں اور پنشن میں 15% اضافے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں موجودہ صوبائی حکومت نے صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لئے جہاں منفرد لائق تحسین اقدامات کئے ہیں وہیں یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ موجودہ حکومت نے پہلی بار بلوچستان لائیو اسٹاک پالیسی کا اجراء کیا ہے جو صوبے کی زرعی معیشت اور اس میں لائیو اسٹاک کے شعبے کی خصوصی اہمیت کے پیش نظر نہایت قابل تحسین و ستائش اقدام ہے۔ اقتصادی دباؤ بڑھتی ہوئی مہنگائی اور مالیاتی مسائل کی موجودگی میں تنخواہوں اور پنشن میں 15% فیصد اضافہ بھی وزیر اعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی انسان دوستی اور ملازمین کے ساتھ ہمدردی کا منہ بولتا ثبوت ہے بجٹ دستاویز کے مطابق ترقیاتی فنڈز کی تقسیم میں حکومتی اور اپوزیشن اراکین میں کسی قسم کی تمیز یا تفریق نہ کرنا بھی موجودہ حکومت خاص طور سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جمہوریت پسندی عوام دوستی اور صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی پر ان کے غیر متزلزل یقین کی علامت ہے۔ متوازن اور عوام دوست بجٹ کی تیاری کیلئے موجودہ حکومت مبارکباد کی مستحق ہے اور اس سے صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے حکومت کی سنجیدہ کمٹمنٹ اور عملی اقدامات خوش آئند ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 JUN 2022 Page No.




کوئٹہ: صوبائی وزیر خزانہ سردار عبدالرحمن کھیتران پوسٹ بجٹ بریفنگ دے رہے ہیں



صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح بھوتانی مرکزی سیکرٹریٹ میں کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



میزئی اڈہ، صوبائی وزیر انجینئر زمرک خان اچکزئی، ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ، منیر احمد خان کاکڑ
و دیگر زمیندار ایکشن کمیٹی کے ممبران سے مذاکرات کر رہے ہیں